ثم شرب يزيد وشرب الفتى وشربت الجارية وقال للفتى سل حاجتك فقال يا امير المؤمنين تامرها ان تغنى فغنت ؎

منى الوصال ومنكو الهجر | حتّٰى يفرّق بيننا الدّهر
والله لا اسلو كما ابدًا | مالاح بدرٌ او اضا فجر

الترجمة والمطالب تو امیر نے کہا بڑے افسوس کی بات ہے اور کیوں نہیں سوال کرتا۔ تو کیا تیری مطلوب چیز کو پورا کرنے پر میں قادر نہیں ہوں۔ تیسرے شخص نے کہا کیوں نہیں اے امیر المؤمنین اور لیکن میں گمان کرتا ہوں کہ آپ میری حاجت کو پورا نہیں کریں گے۔ اس پر امیر نے کہا بڑے افسوس کی بات ہے۔ تو مجھ سے مانگ تو جو بھی مانگے گا میں اس کو پورا کروں گا۔ تو تیسرے نے کہا مجھ کو اے امیر المؤمنین امان ملنی چاہیئے۔ اس پر امیر نے کہا کہ اچھی بات ہے میں تجھ کو امان دیتا ہوں۔ پس وہی تیسرا بولا کہ اگر اے امیر المومنین آپ مناسب سمجھیں تو اپنی فلاں جاریہ کو جس کی وجہ سے آپ نے ہمارا اکرام کیا۔ اس کو گانے کا میرے سامنے تین مرتبہ حکم دے دیں تو میں اس گانے پر تین رطل شراب پیوں گا۔ اے امیر المومنین ایسا کر دیجئے۔ پس امیر کا چہرہ بدل گیا اور وہ اپنی جگہ سے کھڑا ہوا اور جاریہ کے پاس گیا اور اس کو یہ بات بتلائی۔ تو جاریہ نے کہا اے امیر المؤمنین کیا حرج کی بات ہے۔ پھر امیر نے جوان کے لئے مجلس میں حاضر کرنے کا حکم دیا اور خود امیر کرسی پر بیٹھ گیا۔ اور جاریہ بھی ایک دوسری کرسی پر بیٹھ گئی اور جوان بھی ایک تیسری کرسی پر بیٹھ گیا۔ پھر امیر نے طرح طرح کے پھول اور خوشبوئیں منگائیں۔ تو فوراً یہ چیزیں حاضر کر دی گئیں۔ پھر تین رطل شراب کے لئے حکم دیا تو وہ پیمانے بھر دیئے گئے۔ پھر امیر نے جوان سے کہا اپنی ضرورت کو مانگو۔ تو تیسرے شخص نے کہا اے امیر المؤمنین آپ اس جاریہ کو گانے کا حکم دیں تو اس جاریہ نے گایا ؎ میں اس جاریہ کی محبت سے بے غم ہونے کی طاقت نہیں رکھتا ہوں اگرچہ محبت میرے ساتھ وہ معاملہ کرے جو اس نے کیا ہے۔ میں ہجر کے فراق کی طرف اپنے دل کو دعوت دیتا ہوں تو وہ میری موافقت کرتا ہے یہاں تک کہ اس سے زیادہ جب میں کہتا ہوں کہ یہ بات سچی ہے تو

میرا دل گھبرا اٹھتا ہے پھر یزید نے شراب پی اور جوان نے بھی اور جاریہ نے بھی شراب پی اور امیر نے جوان سے کہا، مانگ اپنی مراد تو اس نے کہا اے امیر المؤمنین آپ اس جاریہ کو پھر گانے کا حکم دیں تو اس جاریہ نے گایا ؎

میری طرف سے برابر وصال ہے اور تمہاری طرف سے برابر جدائی ہے۔ یہاں تک کہ ہمارے درمیان زمانہ جدائی کر دے گا تم خدا کی میں تمہاری محبت سے کبھی بے غم نہیں ہوں گا۔ جب تک کہ چاند نمودار ہوتا رہے گا اور صبح روشن ہوتی رہے۔

للغات لم۔ اے لم لا تذکر حاجتک حتی اقضیہا ۱۲۔ الست ، تقدیر بالہمزۃ الاستفہام ۱۲۔ تغنی۔ من التفعیل یقال غنی ای صوت وغنی بالشعر وتغنی الشعر اذا ترنم بہ ۱۲۔ سُلُوّاً۔ بضمتین وتشدید الواو مصدر بالفارسیۃ بے غم شدن من نصر یقال سلا من الشئ سُلُوّاً وسلوانا اے ذال من ذکرہ ۱۲۔ ہجرہا۔ بفتح الہاء وسکون الجیم ترک مایلزم تعہدہ وجدائی ۱۲۔ فتسعدا۔ من الافعال یقال اسعد علی الامر اعانہ والساعدۃ الموافقت وہو المراد ہہنا ۱۲۔ فزعا۔ صیغۃ الماضی والالف للاشباع من فتح وسمع یقال فزع من کذا وفزع من کذا فزعا اذا خاف ومعنی البیت انی لا استطیع فراغ القلب عن مودتہا شم یتمنی لب والقاعد العشق المبادرا بانہ لا یخاف المصائب ۱۲۔ ومعنی البیت ان القلب یرضی فی اول الامر علی ترک العشق ویوافقنی فیہ حتی اذا جاء اوانہ وتحقق ہجرانہ فزع ورجع من الموافقت ۱۲۔ اضا۔ اصلہ اضاء بالہمزۃ فحذفت الہمزۃ لضرورۃ الشعر من فعال یقال اضاء البیت ای انار ۱۲۔

ثم شرب یزید وشرب الفتیٰ وشربت الجاریۃ وقال للفتیٰ سل حاجتك فقال یا امیر المؤمنین تامرھا ان تغنّی فغنّت ؎

اشارت بطرف العین خیفة اھلھا اشارة محزونٍ ولم تتکلّم

فأیقنتُ اِنّ الطرف قد قال مرحبا واھلاً وسھلاً بالحبیب المتیّم

قال فلم تتمّ الجاریۃ الابیات حتی خرّ الفتیٰ مغشیاً علیه فقال یزید للجاریۃ قومی انظری الیه فقامت وحرّکته فاذا ھو میت فقال لھا یزید ابکیه فقالت یا امیر المؤمنین لا ابکیه وانت حیٌّ فقال ابکیه فواللّٰه لو عاش لما انصرف الا بك فبکت الجاریۃ وبکیٰ امیر المؤمنین بکاءً شدیداً

ثم امر بالفتی فجھز ودفن واما الجاریۃ فلم تمکث بعدہ الا ایاما قلائل وماتت۔

حکایۃ۔ قیل دخل حسن بن الفضل علی بعض الخلفاء وعندہ کثیر من اہل العلم فاحب الحسن ان یتکلم فزجرہ الخلیفۃ وقال اصبی یتکلم (استفہام الانکاری) فی ھذا المقام۔

الترجمۃ والمطالب پھر خلیفہ یزید اور جوان نے اور جاریہ تینوں نے شراب پی اور خلیفہ نے جوان سے کہا مانگ اپنی حاجت کر۔ تو کہا اے امیر المومنین تو کنیز کو حکم کر کہ وہ گانا گائے۔ پس کنیز نے یہ اشعار گائے سے محبوبہ نے گوشہ چشم سے اپنے گھر والوں سے ڈر کر اشارہ کیا مثل اشارہ کرنے غمزدہ کے۔ جو منہ سے نہ بولے۔ تو میں نے یقین کر لیا کہ محبوبہ کی آنکھ مرحبا اہلاً وسہلاً کہہ رہی ہے اپنے فریفتہ عاشق کو۔ راوی نے کہا کہ ابھی جاریہ نے اشعار پورے بھی نہیں کیے تھے کہ جوان دھڑام سے زمین پر گرا۔ اس حال میں کہ بے ہوشی اس پر طاری تھی۔ تو یزید نے کنیز سے کہا۔ کھڑی ہو اور ذرا اس کو دیکھ تو سہی۔ کنیز کھڑی ہوئی اور جوان کو ہلایا جُلایا تو وہ جوان مُردہ تھا۔ خلیفہ نے کنیز سے کہا کہ اس جوان پر تو رو۔ کنیز کہنے لگی اے امیر المومنین آپ کے زندہ ہوتے ہوئے میں اس کو نہیں روؤں گی۔ پھر امیر نے کہا جاریہ تو اس کو رو، تو اس پر آہ و بکا کر۔ اس لیے کہ قسم خدا کی اگر وہ زندہ رہتا تو نہیں لوٹاتا وہ مگر تجھ کو ساتھ لے کر۔ پس جاریہ روئی اور امیر المومنین نے بھی سخت آہ و بکا کی۔ جوان کے لیے حکم دیا کہ اس کے لیے کفن وغیرہ کا سامان کیا جائے اور دفن کر دیا جائے رہی کنیز تو جوان کے بعد کچھ زیادہ دنوں زندہ نہ رہی اور مر گئی۔

حکایت۔ کہا جاتا ہے کہ حسن بن الفضل ایک خلیفہ کے پاس آیا۔ جبکہ اس کے پاس بہت سے اہل علم موجود تھے۔ ... نے کچھ بات کرنی چاہی۔ تو خلیفہ نے اس کو ڈانٹ دیا اور کہا کیا ایسے مقامات میں بچے بھی بولا کرتے ہیں؟

اللغات یطرف۔ مصدر منتہی کل شیٔ (کنارہ)، والجمع اطراف ۱۲۔ خیفۃ۔ بکسر الخاء مصدر اصلہ خوفۃ بفتح الواو ۱۲۔ مرحبا۔ مصدر قولھم رحبہ مرحبا وہی کلمۃ دعاء لوسعۃ العیش ۱۲۔ اہلاً وسہلاً۔ کلمۃ ترحیب علی تقدیر ای صادفت اہلاً للقرباء ای اتیت اہلاً ووطیت سہلاً لا وعرا والمراد اظہار المسرۃ بقدوم الضیف بانک اتیت فی اہلک ومسافۃ قطعتہا سہلۃ ۱۲۔ الحبیب۔ یطلق علی المحب والمحبوب ۱۲۔ والمتیم۔ کمعظم بمعنی عبد المذلل یقال تیمہ الحب اذا تملکہ وجعلہ مذللاً ومعنی البیت انی تیقنت باشارۃ طرفہا انہا رضیت بزیارۃ العاشق وقالت بلسان الحال مرحبا اہلاً وسہلاً ۱۲۔ خزت:

نصر وضرب یقال خرّ خرًّا وخرورًا اذا سقط من العلو الی اسفل من خریر الماء وہو صوت الماء اذا وقع من الاعلی الی الاسفل ۱۲۔ ابکیہ۔ صیغۃ الامر الحاضر من ضرب یقال بکی وبکاءً بالمد اذا سال دمعہ حزنًا وبالقصر بکًا اذا حزن بغیر الدمع قولہ یجہّزہ۔ من التفعیل من جہّز المیت اذا اعدّ ما یلزمہ ۱۲۔ قلائل۔ جمع قلیلۃ بالفارسیۃ بمعنی اندک والجمع ایضًا قُلُلٌ واقلاء ۱۲۔

فقال یا امیر المؤمنین ان کنت صبیًّا فلست باصغر من ھدھد سلیمان ولا انت اکبر من سلیمان علیہ السلام اذ قال احطت بما لم تحط بہ ثم قال الا تدری ان اللّٰہ تعالیٰ فھّم الحکم لسلیمانؑ ولو کان الامر بالاکبر لکان داؤدؑ اولیٰ۔

حکایۃ[۵۹]۔ قیل ان الھدھد قال لسلیمان علیہ السلام انّی ارید ان تکون فی ضیافتی فقال لہ سلیمانؑ انا وحدی فقال لا بل انت والعسکر فی جزیرۃ کذا وفی یوم کذا فمضی سلیمانؑ وجنودہ الیہا هناك رصعد الھدھد الی الجو وصاد جرادۃً وکسرھا ورمی بھا فی البحر وقال یا نبیّ اللّٰہ کلوا فمن فاتہ اللحم لم تفتہ المرقۃ فضحك سلیمانؑ وجنودہ واخذہ بعض الشعراء فقال ؎

وکن قنوعًا فقد جری مثلٌ ان فاتك اللحم فاشرب المرقۃ

حکایۃ[۶۰]۔ عن الجاحظ قال دخلت المدینۃ یومًا فوجدت فیھا معلّمًا فی ھیئۃ حسنۃ فسلّمت علیہ فردّ علیّ السلام احسن ردٍّ ورحّب بی فجلست عندہ وباحثتہ فی القرآن والقراءۃ فاذا ھو فی ذلك ماھرٌ ثم باحثتہ فی الفقہ والنحو والصرف وعلوم المعقول واشعار العرب فاذا ھی فیھا کاملٌ محقّق۔

الترجمۃ والمطالب

حسن نے کہا اگر میں بچہ ہوں تو سلیمان علیہ السلام کے ہد ہد سے تو اصغر نہیں ہوں اور نہ آپ سلیمان علیہ السلام سے برتر ہیں۔ جب کہ کہا تھا ہد ہد نے کہ میں ایسی چیز کو پہنچا ہوں جس کو آپ نہیں پہنچے ہیں (میں شہر سبا سے آپ کے پاس ایک خبر لایا ہوں) حسن نے کہا کیا تم کو معلوم نہیں اللہ تعالیٰ نے فیصلہ حضرت سلیمان کو سمجھا دیا اور اگر معاملہ اکبر سے متعلق ہوتا تو داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام زیادہ بہتر ..... تھے (اس کا قصہ یوں ہے کہ ایک قوم کی بکریوں نے دوسری قوم کی کھیتی کو رات کے وقت چر لیا تھا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے کھیتی کے عوض بکریوں کے دینے کا حکم دیا۔ حضرت سلیمانؑ اس وقت چھوٹے تھے۔ تو انہوں نے اس فیصلہ میں اس طرح ترمیم کی کہ بکریوں والے کھیتی کو پانی دیں اور کھیتی والے بکریوں کا دودھ پئیں جتنے دنوں تک کھیتی بڑی ہو جائے۔ اس کے بعد دونوں فریق اپنی اپنی چیزوں پر قابض ہو جائیں اور اس صورت میں کسی کا نقصان نہیں ہے۔

حکایت۔ نقل کیا جاتا ہے کہ سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہد ہد نے کہا میرا ارادہ ہے کہ آپ میری مہمانی میں آ جائیں۔ ہد ہد سے حضرت سلیمانؑ نے فرمایا کہ میں تنہا۔ تو ہد ہد نے کہا نہیں۔ بلکہ آپ اور آپ کا لشکر جو فلاں جزیرہ میں فلاں دن ہے۔ حضرت سلیمانؑ اور ان کا لشکر وہاں چلا گیا اور وہ ہد ہد آسمان کی طرف خلا میں اڑا اور ایک ٹڈی کا شکار کیا اور اس کو توڑ مروڑ کر سمندر میں پھینک دیا اور کہا اے اللہ تعالیٰ کے نبی کھائیے۔ اگر گوشت نہ مل سکے تو شوربہ موجود ہے۔ پس سلیمان علیہ السلام اور ان کا تمام لشکر ہنسا اور اسی مضمون کو بہت سے شعراء نے اپنے شعر میں نظم کیا ہے ؎ اور اے مخاطب تو صابر بن جا۔ اس لئے کہ ایک مثل مشہور ہے۔ ان فاتك اللحم فاشرب المرقۃ۔ یعنی اگر گوشت نہ ملے تو شوربے کو پی لو۔

حکایت۔ جاحظ سے منقول ہے اس نے کہا میں مدینہ میں ایک دن پہنچا۔ تو میں نے وہاں ایک معلم کو پایا بڑی اچھی وضع میں۔ میں نے اسے سلام کیا۔ تو اس نے میرے سلام کا بہترین طرز میں جواب دیا اور مجھے خوش آمدید کہا۔ میں اس کے پاس گیا اور میں نے اس سے قرآن اور قراءت قرآن کے بارے میں مباحثہ کیا۔ تو وہ ان دونوں علموں میں بڑا ماہر نکلا۔ میں نے اس سے فقہ، نحو، صرف اور علم معقول اور اشعار عرب میں بات چیت کی تو وہ ان سب میں کامل نکلا۔

اللغات

فہّم۔ من التفعیل ۔ سلیمان۔ ہو ابن داؤد علیہما السلام۔ عاش سلیمان علیہ السلام تسع وخمسین وبینہ وبین مولد نبینا صلی اللہ علیہ وسلم نحو الف سنۃ وتسع مائۃ سنۃ وفی ہذا اشارۃ الی القصۃ التی ذکرت فی القرآن من سورۃ الانبیاء کما قال تعالیٰ ففہّمناہا سلیمان وحاصل تلک القصۃ ان رجلین دخلا علی داؤد علیہ السلام واحدہما صاحب حرث والآخر صاحب الغنم فقال صاحب الحرث ان ہذا قد ان فلتت غنمہ لیلًا فوقعت فی حرثی فاسدت فلم تبق منہ شیئاً فاعطاہ داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام رقاب الغنم فی الحرث فخرجا فمرا علی سلیمان علیہ السلام وہو ابن احدی عشر سنۃ فقال کیف قضی بینکما داؤد فاخبراہ فقال سلیمان علیہ السلام لو ولیت امرکما لقضیت بغیر ہذا فاخبر بذلک داؤد علیہ السلام فدعاہ فقال لہ بحق النبوۃ والابوۃ الا ما اخبرتنی بالذی ہو ارفق بالفریقین قال ادفع الغنم لصاحب الحرث ینتفع بلبنہا وصوفہا ونسلہا ویزرع صاحب الغنم لصاحب الحرث مثل

وثه فلما صار الحرث كهيئته يوم الاكل دفعها الى صاحبه وانفذ صاحب الغنم غنمه فقال داؤد عليه السلام القضاء ما قضيت فاصاب الصغير بمقابلة الكبير۔ داؤد۔ ہو النبی عاش داؤد علیہ السلام مائة سنة۔ جرادة۔ بفتح الجيم دُوَيْبَة تجرد الارض من النبات وہی صنفان الطيار و ہو الذی يطير والزحاف وہو الذی یمشی علی الارض ۱۲۔ الجاحظ۔ وہو امام العربية والنحو وكان عالماً جيداً وامام فی اللغة والادب والعروض و المعانی وكان صورته قبيحاً وفی عينيه ارتفاع ودعا المعتصم بالله لقراءة ولده فلما نظر الى شكله رده واعطاه آلاف درہم و عاش ثمانين سنة۔

نقلت هٰذا او الله مما يقوى عزمى قال فكنت اختلف اليه وازوره فجئته يوماً لزيارته واذا باب الكتاب مغلق ولم اجده فسألت عنه فقالوا مات له ميت فحزن عليه فجئت الى بيته فطرقت الباب فخرجت الىّ جارية و قالت لى ما تريد فقلت اريد فلاناً فدخلت وخرجت فقالت ادخل فقلت بسم الله ودخلت اليه فاذا به جالس وحده فقلت عظم الله اجرك لقد كان لكم فى رسول الله صلى الله عليه وسلم اسوة حسنة كل نفس ذائقة الموت فعليك بالصبر ثم قلت هٰذا الذى توفى ولدك قال لا قلت فاخوك قال لا قلت فما هو منك قال حبيبتى قلت فى نفسى هٰذه اول العجائب فقلت سبحان الله النساء كثيرة وتجد غيرها فقال اتظن انى رأيتها فقلت هٰذه شنيعة ثانية فقلت له كيف عشقت من لم تر فقال اعلم انى كنت جالساً فى هٰذا المكان وانا انظر الى الطريق اذا رأيت رجلاً عليه برد وهو يقول شعراً

يا أمّ عمرو جزاك الله مكرمة	ردّى علىّ فؤادى اينما كانا

الترجمۃ والمطالب

پس میں نے کہا یہ باتیں ان چیزوں میں سے ہیں جو میرے قیام پر مدینہ کے اندر کو مضبوط کرتی ہیں۔ پس میں اس معلم کے پاس آنے جانے لگا اور اس سے ملاقات کرنے لگا۔ پس میں ایک دن اس کی زیارت کے لیے حاضر ہوا تو اس کے مکتب کا دروازہ بند تھا۔ تو میں نے اس کو وہاں نہیں پایا۔ میں نے اس معلم کے بارے میں دریافت کیا تو لوگوں نے بتایا کہ اس کے یہاں میت ہو گئی ہے۔ وہ اس پر غم کیے .... بیٹھا ہے۔ تو میں اس کے گھر آیا اور اس کے دروازہ کو میں نے کھٹکھٹایا۔ تو ایک جاریہ میرے پاس دروازہ سے باہر آئی اور مجھ سے کہنے لگی تم کیا چاہتے ہو۔ میں نے کہا میں فلاں معلم سے ملنا چاہتا ہوں۔ پھر وہ جاریہ اندر گئی اور باہر آئی اور کہنے لگی اندر تشریف لائیے۔ میں نے کہا بسم اللہ اور میں اس کے پاس پہنچ گیا تو اچانک میں اس کے سامنے اس حال میں ہوں کہ وہ تنہا بیٹھا ہوا ہے۔ میں نے کہا اللہ تیرے اجر کو زیادہ کرے۔ یقیناً اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات میں ہمارے لیے اچھی اقتدار اور پیروی ہے۔ ہر جان موت کا ذائقہ چکھنے والی ہے۔ پس تمہارے ذمہ صبر کرنا ہے۔ اس کے بعد میں نے کہا کیا یہ شخص جس کی وفات ہو گئی ہے تمہارا بیٹا ہے۔ معلم نے کہا نہیں۔ میں نے کہا پھر تمہارا بھائی ہے۔ معلم نے کہا نہیں۔ میں نے کہا پس تمہارا یہ مرنے والا کیا ہے۔ کہا اس نے یہ میری محبوبہ ہے۔ میں نے دل میں کہا یہ پہلی برائی ہے اس کی برائیوں میں سے۔ پھر میں نے کہا اے فلانے تعجب کی بات ہے۔ عورتیں دنیا میں بہت ہیں۔ اس کے علاوہ دوسری کو حاصل کر لوگے۔ تو معلم نے کہا کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں نے اسے دیکھا ہے۔ میں نے کہا کہ یہ دوسری خرابی ہے۔ میں نے اس سے دریافت کیا۔ تو عاشق کیسے ہو گیا ایسی عورت کا جس کو تو نے دیکھا تک نہیں۔ تو اس نے کہا خبردار ہو میں اس جگہ پر بیٹھا ہوا تھا راستہ کی طرف دیکھ رہا تھا۔ تو اچانک میں نے ایک مرد کو دیکھا جس کے بدن پر ایک یمنی چادر ہے اور یہ شعر پڑھ رہا ہے ؎ اے امّ عمرو! اللہ تجھے اچھائی کا بدلہ دے۔ میرے دل کو مجھے واپس دیدے جہاں کہیں بھی وہ ہو۔

اللغات

اُخْتَلِفُ۔ من الافتعال اذا عُدِّیَ بالی کان معناہ تردَّدَ ویقال اختلف الی المکان اذا جاء مرّۃ بعد اُخریٰ۔ اَزُوْرُہٗ من نصر اذا اتاہ بقصد لقاء ۱۲۔ بالکتّاب۔ بضم الکاف وتشدید التاء، المکتب دبستان) ۱۲۔ مغلق۔ صیغۃ الاسم المفعول اغلق الباب ضدہ فتح الباب ۱۲۔ فاذا بہ جالسٌ۔ تقدیرہ فاذا انا بہ وہو جالسٌ فقولہ جالسٌ خبر مبتداء محذوف وہو اخبر جملۃ حالیۃ من الضمیر المجرور فی قولہ بہ واذا للمفاجاۃ ۱۲۔ بسم اللہ۔ ای ادخل باسم اللہ ۱۲۔ اُسْوَۃٌ۔ بالضم والکسر ما یقتدی بہ وایضاً الاسوۃ ما یتسلّیٰ بہ الحزین والمعنی ان الاقتداء برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الصبر علی المصائب احسن لک ۱۲۔ اخوک۔ من جمعک وایاہ صلبٌ او بطنٌ والصاحب والصدیق والجمع اُخْوَۃٌ اُخُوَّۃٌ واِخوانٌ واُخْوَانٌ واٰخاءٌ واُخاءٌ ۱۲۔ بُرْدٌ۔ ثوبٌ مخطّطٌ والجمع برودٌ وابرادٌ وابرُدٌ ۱۲۔ سبحان اللہ۔ بحذف المنادی اصلہ یا رجل سبحان اللہ ویمکن ان یکون کلمۃ سبحان اللہ والمنادی بنفسہ فیکون کلمۃ التعجب فیکون المعنی یا کلمۃ سبحان اللہ اُحضر فان ہذا اوقتک ۱۲

نقلت فی نفسی لولا ان ہذہ ام عمرو بدیعۃ الجمال فائقۃ علی امثالہا ما قیل

تا ۱۲

فیہا الشعر فعشقتہا فلما کان بعد یومین مرّ ذلک الرجل بعینہ وھو یقول شعرًا ؎ فی هجائها

لقد ذھب الحمارُ بام عمرو　　　　فلا رجعت ولا رجع الحمارُ

فقلت انہا ماتت فحزنتُ علیہا وجلستُ فی العزاء قال الجاحظ فتعجبتُ عجبًا شدیدًا وعلمتُ انہٗ مغفلٌ فودعتہٗ وسرتُ۔

حکایۃٌ۔ قال الجاحظ ما اخجلنی احدٌ قط الا امرأۃٌ عارضتنی فی الطریق وقالت لی فیک حاجۃٌ فسرتُ فی اثرھا وذھبت بی الی صائغٍ وقالت مثل ھٰذا ومضت فبقیت مبھوتًا وسألت الصائغ فقال ھٰذہ امرأۃ ارادت انی اعمل لھا صورۃ شیطانٍ فقلت ما ادری کیف صورتہٗ فجاءت بک وبی الجاحظ یقول الشاعر ؎

لو یمسخ الخنزیر مسخًا ثانیا　　　　ماکان الا دون قبح الجاحظ

الترجمۃ والمطالب پس میں نے اپنے دل میں کہا کہ اگر یہ ام عمرو نادر جمال والی اپنے امثال پر فوقیت رکھنے والی نہ ہوتی تو یہ شعر اس کے حق میں نہ کہا جاتا۔ میں اس پہ عاشق ہو گیا۔ جب دو دن کے بعد یہی شخص وہاں سے گزرا تو یہ شعر پڑھ رہا تھا ؎ سواری ام عمرو کو لے گئی نہ ام عمرہی نہ سواری ہی واپس ہوئی۔ میں نے سمجھا کہ وہ ام عمرو مر گئی۔ اس لیئے میں اس پر غمگین ہوں اور اس کی تعزیت میں بیٹھا ہوں۔ جاحظ کہتے ہیں میں نے بہت تعجب کیا اور یقین کیا کہ یہ شخص بڑا مغفل اور بے وقوف ہے۔ میں نے اس کو وہیں چھوڑ دیا اور میں آگے کو چل دیا۔

حکایت۔ جاحظ کہتے ہیں مجھے کسی شخص نے کبھی شرمندہ نہیں کیا سوائے ایک عورت کے۔ جو میرے راستہ میں آئی اور مجھ سے کہنے لگی کہ آپ سے مجھے ایک کام ہے۔ میں اس کے پیچھے پیچھے چل دیا۔ وہ مجھے ایک سنار کے پاس لے گئی۔ وہاں جاکر اس نے سنار سے کہا۔ "مثل ہذا" یعنی اس جیسا اور چل دی۔ تو میں حیران کھڑا رہ گیا اور میں نے سنار سے دریافت کیا (یعنی یہ کیا قصہ ہے) سنار نے کہا کہ اس عورت نے یہ چاہا ہے کہ میں اس کے لیئے شیطان کی تصویر بنا دوں۔ تو میں نے اس سے کہا کہ میں نہیں جانتا شیطان کی صورت کیسی ہے۔ تو یہ عورت مجھ کو پکڑ لائی اور اسی جاحظ کی بدصورتی کے بارے میں شاعر کہتا ہے۔

ـــہ اگر سُور کی صورت دوبارہ بگاڑ دی جائے تو بجز اس کے سور بھی جاحظ کی بد صُورتی سے گھٹا ہوا ہی ہوگا۔

اللغات

فائقة۔ صیغۃ اسم الفاعل من نصر یقال فاق الشئ اذا علاه وفاق اصحابہ بالفضل والعلم اذا سبق علیہم فیہما اشکالہا۔ جمع شکل والنظیر والمماثل ۱۲۔ الحمار۔ حیوان معروف منہ وحشی والجمع حمیرٌ واحمرةٌ ۱۲۔ سبحان اللہ والاصل یا رجل سبحان اللہ ویمکن ان یکون کلمۃ سبحان اللہ الثانی لتکریر المعنی یا کلمۃ سبحان اللہ اعجزانی ہذا وکلک ۱۲۔ العزاء۔ اے فی مجلس العزاء العزاء فی الاصل من نصر وقد یطلق علی مجلس ینعقد للتسلیۃ والتعزیۃ وہو المراد ۱۲۔ فودعتہ۔ صیغۃ المتکلم من التفعیل یقال ودع المسافر القوم ای خلفہم وشیعہم وودع القوم المسافر اے ودع فلانا اذا ہجرہ ۱۲۔ یقال عارضتہ۔ معارضۃ ای عدل عنہ جانبہ وودع وناقض کلامہ وقاومہ ویارادہ وفعل مثل فعلہ ودر ینجا بمعنی پیش مراد است ۱۲۔ الطریق السبیل۔ والجمع طرقٌ واطرقۃٌ طرق وطرقات ۱۲۔ آثرہا بکسر الہمزة وسکون الثاء وبفتحہا بمعنی ما بقی من رسم الشئ (نشان قدم) ۱۲۔ متبہرتا۔ صیغۃ اسم المفعول بمعنی الحیران ولا یستعمل الا مجہولا یقال بہت فلان اذا تحیر وبابہ سمع وکرم ۱۲۔ ثانیا۔ وانما قال ثانیا لما انبت ان بعض الکفار مسخ اللہ تعالیٰ فی صورة الخنزیر فکان ہذا مسخا اولا فالمعنی ان الخنزیر المسوخ مسخہ اللہ تعالیٰ مسخا ثانیا لم یکن اقبح من جاحظ ۱۲۔ دون۔ نقیض فوق یقال ہو دونہ ای احط منہ درجۃ ۱۲۔

١٢ **حكاية**۔ قیل نزل رجل من الاکالین بصومعة راهب فقدم له اربعة ارغفة وذهب لیحضر له عدسا فحمله وجاء به فوجده اكل الخبز فذهب واتى اليه بالخبز وجده اكل العدس ففعل ذلك معه عشر مرات فسأله الراهب اين مقصدك فقال الى الري فقال له لماذا قصدت قال بلغني ان بها طبيبا حاذقا اسأله عما يصلح معدتي فاني قليل الاشتهاء للطعام فقال له الراهب ان لي اليك حاجة فقال وما هي قال اذا ذهبت وصلحت معدتك فلا تجعل رجوعك الىّ ثانيا۔

١٣ **حكاية**۔ قیل اجتمع ابو نواس ودعبل وابو العتاهية في مجلس من مجالس الشراب فاقاموا فيه ثلاثة ايام فلما كان اليوم الرابع انصرفوا يريدون منازلهم فقال ابو العتاهية عند من نحن اليوم بعد خروجنا من هذا المجلس فقال ابو نواس في

كل منكم فضيلة تعالوا نمتحن قرائحنا في شيء من الشعر فمن كان اشعر كنا عنده فبينما هم يتحدثون اذا اقبلت فتاة كانها الدرة اليتيمة والجوهرة الثمينة مكللة بالزبرجد موشحة بالعسجد محلاة بالحلي والحلل مبرأة من النقائص والعلل وعليها ثلاثة اثواب من الحرير الاعلى ابيض والاوسط اسود والاسفل احمر.

ترجمۃ والمطالب

حکایت۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک کھاؤ شخص بہت کھانے والوں میں سے ایک پادری کے گرجا میں ٹھہرا۔ تو وہ پادری اس کے سامنے چار روٹیاں لایا اور وہ گھر میں گیا۔ تاکہ اس کے لیے مسور کی دال لائے۔ راہب نے دال کو اٹھایا اور اس کو لایا۔ تو راہب نے اس شخص کو پایا کہ وہ روٹیاں کھا چکا ہے۔ راہب گیا اور دوبارہ اس کے لیے روٹیاں لایا۔ تو اس آنے والے شخص کو پایا کہ وہ مسور کی دال صاف کر چکا ہے۔ یہ معاملہ راہب نے آنے والے شخص کے ساتھ دس مرتبہ کیا۔ پھر پادری نے آنے والے شخص سے دریافت کیا کہ آپ کا کہاں کا ارادہ ہے۔ اس شخص نے جواب دیا کہ میں ملک ذرے تک جانا چاہتا ہوں۔ مجھے معلوم ہوا کہ وہاں کوئی ماہر طبیب ہے۔ اس سے میں اپنے معدہ کی اصلاح کرانا چاہتا ہوں۔ کیونکہ مجھ کو کھانے کی خواہش کم ہوتی ہے۔ تو پادری نے اس سے کہا کہ میری تم سے ایک درخواست ہے۔ آنے والے نے کہا وہ کیا ہے۔ راہب نے کہا کہ جب آپ وطن لوٹیں اور آپ کا معدہ درست ہو جائے تو مہربانی کر کے دوبارہ آنے کی تکلیف نہ کریں۔

حکایت۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ابو نواس اور دعبل اور ابو عتاہیہ یہ تینوں شراب نوشی کی محفل میں اکٹھے ہوئے اور وہاں تین دن تک ٹھہرے رہے۔ جب چوتھا دن ہوا تو یہ اپنے گھروں کی نیت کر کے لوٹے۔ ابو عتاہیہ نے کہا کہ آج یہاں سے نکلنے کے بعد کس کے یہاں ٹھہریں گے۔ تو ابو نواس نے کہا کہ تم میں سے ہر ایک میں فضل و کمال ہے۔ آؤ کسی شعر کے بارے میں طبع آزمائی کریں۔ جو ہم میں سے بڑا شاعر ہو ہم اسی کے پاس ٹھہریں گے۔ وہ یہ گفتگو کر ہی رہے تھے کہ اچانک ایک نوجوان لڑکی سامنے آئی۔ گویا وہ یکتا موتی اور جوہر قیمتی تھی زبرجد کا۔ تاج پہنے ہوئے سونے میں لدی ہوئی عمدہ زیوروں بہترین لباسوں سے آراستہ اور تمام عیب اور بیماریوں سے پاک۔ اس کے بدن پر تین ریشمین کپڑے تھے۔ اوپر والا سفید ریشم کا تھا۔ درمیان والا سیاہ اور نیچے والا سرخ۔

اللغات

راہب۔ اصلہ من الرہبۃ وہو الخوف وسمی العابد والزاہد من النصاریٰ بالراہب کانہ خائف من اللہ تعالیٰ تارک للدنیا ومنہ الرہبانیۃ والترہیب والجمع رہبان ۱۲۔ صومعۃ۔ بالفتح جبل او مکان مرتفع یسکنہ الراہب والمتعبد منفرداً ثم اطلق الکلمۃ علی الدیر والجمع صوامع ۱۲۔ ابو نواس۔ شاعر معروف بالبلاغۃ والبراعۃ ولد بالاہواز ۱۳۵ھ من الہجرۃ النبویۃ و

مات ببغداد سنہ ۱۹۲ھ زمن خلافت الامین . وکان فی زمن الامام الشافعیؒ فحضر الامام عنده محتضر وبجود بنفسه فقال عددت یا ابونواس لهذا الیوم فقال شعراً یعاظمنی ذنبی فلما قرنته بعفوک ربی کان عفوک اعظما ۱۲. دعبل. ایضاً شاعر معروف جلیل ۱۲. ابوالعتاہیۃ. شاعر معروفٌ کان فی اوائل عمره ممن یتبع الغاوون ثم رجع الی نفسه وحسن حالهٗ وانشد فی الموعظة والحکمة اشعاراً بلیغة ۱۲. تعالوا صیغة الامر من التفعیل بمعنی ہلمّ مطلقاً ۱۲. قرائحنا. جمع قریحة وہو اول ماء البئر یستنبط منه ثم اُطلق علی الطبیعة یقال لفلان قریحةٌ جیدة یراد منه استنباط العلم بجودة الطبع ۱۲. فتاةٌ. مؤنث الفتیٰ والجمع فتیات فتیاً المرأة الشابة ۱۲. الیتیمة. المنفردة یعدم نظیره ومنه درة الیتیمة ای لانظیر لہا ۱۲. المکللہ. من التفعیل مشتق منه اکلیل وہو التاج (تاج پوشانیدن)، وقد یطلق علی التزین مطلقاً وہو المراد ہہنا ۱۲

فقال ابونواس الحمد لله الذی فتح لنا بهذا فلیقل کل منا فی ثوب فقال ابوالعتاهیة فی الثوب الابیض شعراً ؎

تبدّی فی دبیقی بیاض ... باجفان والحاظ مراض

فقلت له عبرت ولم تسلّم ... وانی منک بالتسلیم راضی

تبارک من کسا خدیک ورداً ... وقدّک مثل اغصان الریاض

فقال نعم کسانی الله حسناً ... ویخلق مایشاء بلا اعتراض

فثوبی مثل ثغری مثل نحری ... بیاض فی بیاض فی بیاض

فقال دعبل فی الثوب الاسود شعراً ؎

تبدّی فی السواد فقلت بدراً ... تجلّیٰ فی الظلام علی العباد

فقلت له عبرت ولم تسلّم ... واشمت الحسود مع الاعادی

تبارک من کسا خدیک ورداً ... مدی الایام دام بلانفاد

فقال نعم کسانی الله حسناً ... ویخلق مایشاء بلاعناد

نثوبك مثل شعركَ مثل بختی ‏ سوادٌ فی سوادٍ فی سواد

الترجمۃ والمطالب

کہا ابونواس شاعر نے۔ تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں۔ جس نے حل کر دیا ہمارے لیے مشکلات کو اس جوان لڑکی کے تین طرح کپڑوں میں۔ پس ہم میں سے ہر ایک کو چاہیئے کہ اس کے ہر ایک لباس کے بارے میں یہ اشعار کہے۔ پس ابوالعتاہیہ نے اس کے سفید لباس کے بارے میں یہ شعر کہے ؎ محبوب سفید ریشمی کپڑوں میں (جو دبیق کا بنا ہوا ہے) ظاہر ہوا ایسی پلکوں اور نظروں سے جو بیمار تھیں۔ (بیمار چشم کنایہ ہے محبوب کی نظروں کے کوششوں سے) میں نے اس سے کہا تو گزرا یہاں سے اور سلام نہیں کیا۔ حالانکہ میں تیرے سلام کو بہت پسند کرنے والا تھا۔ پاک ہے وہ خدا جس نے تیرے دونوں رخساروں کو گلابی رنگ پہنایا اور تیرا قد باغوں کی تازہ شاخوں کی طرح لچک دار ہے۔ محبوب نے کہا ہاں ہاں مجھے اللہ نے حسن کا لباس پہنایا ہے اور اللہ پیدا کرتا ہے جس چیز کو چاہتا ہے بلا کسی کے اعتراض کے۔ پس میرا یہ سفید لباس میرے سفید دانتوں کی طرح میرے گورے سینہ کی طرح ہے۔ یہ سفیدی در سفیدی در سفیدی ہے۔

پھر شاعر دعبل نے کالے کپڑوں کے بارے میں یہ اشعار کہے ؎ وہ محبوب کالے لباس میں ظاہر ہوا تو میں نے کہا چودہویں رات کا چاند دیکھ رہا ہوں۔ جو رات کی اندھیریوں میں اللہ کے بندوں پر نمودار ہوا ہے۔ میں نے اس محبوب سے کہا تو یہاں سے گزرا اور سلام نہیں کیا اور تو نے خوش کیا حاسد کو دشمن کے ساتھ۔ پاک ہے وہ ذات جس نے تیرے دونوں رخساروں کو گلابی رنگ پہنایا ہے۔ خدا کرے کہ یہ تیرا گلابی رنگ ہمیشہ رہے زمانہ کے رہنے تک بغیر ختم ہونے کے۔ تو محبوب نے جواب دیا ہاں ہاں اللہ نے مجھ کو حسن کا لباس پہنایا ہے اور اللہ جو چاہتا ہے ..... پیدا کرتا ہے بغیر عناد کے۔ پس تیرا لباس تیرے بالوں کی طرح میرے نصیب کی طرح سیاہ ہے۔ یہ سیاہی در سیاہی در سیاہی خوب ہے۔

اللغات

فتح لنا بھذا۔ ای قد ظہر لنا ما نحن فیہ ۱۲۔ دبیقی۔ منسوب الی دبیق کالامیر وہو اسم بلد۔ جلدٌ فی المصر الثیاب الدبیقۃ التی تنسج من الحریر ۱۲۔ مراض۔ جمع مریض وعین مریضۃٌ اذا کان فیہا فتور ۱۲۔ الریاض۔ جمع روضۃ وہی ارض مخضرۃ بانواع النبات۔ فشوبی۔ اللباس ۱۲۔ تجری۔ ہو اعلی الصدر ۱۲۔ اشمت۔ من الشماتۃ ہو الفرح ببلیۃ العدو ۱۲۔ المسود۔ للمذکر والمؤنث جمعہٗ حسد تمنی زوال نعمۃ الغیر ۱۲

فقال ابونواس فی الثوب الاحمر شعراً ہ

تبدّٰی فی قمیص اللاذ یسعٰی ‏ عدوٌّ لی یلقّبُ بالحبیب

فقلت من التعجب کیف ھٰذا ‏ لقد اقبلت فی زیٍّ عجیب

أَحُمْرَةُ وجنتيك كستك هذا ۔۔۔ ام انت صبغة بدم القلوب

فقال الشمس اهدت لي قميصًا ۔۔۔ قريب اللّون من شفق الغروب

فثوبي والمدام ولون خدّي ۔۔۔ قريب من قريب من قريب

فما فرغوا من الابيات الّا والجارية عندهم فقالت السلام عليكم فقالوا وعليك السلام قالت لابد من اطلاعي عليكم وعلى ما انتم عليه وكيف انتهى بكم الحال فاخبروها بالقصة فقالت والله لقد اجاد ابو نواس ثم فارقتهم ومضت لشانها۔

الترجمۃ والمطالب ظاہر ہوا سرخ ریشمین کپڑے کے کُرتے میں۔ درانحالیکہ وہ تیزی سے جھپٹ رہا ہے۔ میرا ایک دشمن جو حبیب کے نام سے لقب دیا جاتا ہے۔ میں نے حیرت سے کہا کہ کیا ہے یہ بات کہ آیا ہے تو میرے سامنے ایک حیرت انگیز لباس میں۔ کیا تیرے دونوں رخساروں کی سُرخی نے پہنا دیئے ہیں تجھ کو یہ لباس۔ یا تو نے رنگ دیا ہے اس لباس کو عاشقوں کے دلوں کے خون سے۔ تو کہا میرے محبوب نے کہ آفتاب نے ہدیہ میں بھیجا ہے میرے لئے یہ کُرتہ کہ قریب ہے رنگ جس کا غروب آفتاب کی شفق سے۔ پس میرے اس کُرتے کا رنگ اور پُرانی شراب کا رنگ اور میرے رخساروں کا رنگ قریب ہیں۔ ایک ایسے قریب سے جو دوسرے کے قریب ہے (یعنی آپس میں ایک دوسرے ملے جُلے ہیں) پس وہ شاعران ابیات کے پڑھنے سے ابھی فارغ نہیں ہوئے تھے اور جاریہ بھی اُن ہی کے پاس بیٹھی ہوئی تھی۔ جاریہ نے السلام علیکم کہا تو ان شعراء نے جواب میں وعلیک السلام کہا۔ جاریہ بولی کہ آپ ضرور مجھے اس واقعہ سے خبردار کریں اور یہ کہ آپ لوگوں پر یہ حال کس طرح ہوا۔ ان شاعروں نے اپنا تمام قصہ بیان کیا۔ پھر جاریہ نے کہا خدا کی قسم ابونواس نے بہت اچھا کلام کہا۔ پس جُدا ہو گئی کنیز ان سے اور لگ گئی وہ اپنے کام میں۔

اللغات اللاذ۔ بالذال معجمۃ جمع لاذۃ وہو ثوب حریر احمر یصنع فی الصین ۱۲۔ یسعیٰ۔ من سعیٰ سَعْیًا عمل ومشیٰ وعدا ۱۲۔ الحبیب۔ ضد البغیض المحبوب والمحب ۱۲۔ زیّ۔ بکسر الزاء معجمۃ وتشدید الیاء۔ اللباس والہیئۃ واکثر ما یستعمل لہیئۃ المخصوصۃ بقوم والجمع الازیاء (مخصوص لباس) ۱۲۔ وجنتیک۔ تثنیۃ وجنۃ بالجیم مثلثۃ ما ارتفع من الخدین والجمع وجنات والمعنی ہذہ الحمرۃ خدیہا ام ہی اثر قلوب مجروحۃ من العاشقین ۱۲۔ صبغۃ۔ بالصاد المہملۃ والغین المعجمۃ من فتح وضرب ونصر یقال صبغ الثوب ای لوّنہ ۱۲۔ الشمس۔ الکوکب النہاری المعروف تصغیرہ شمیسۃ والجمع شموس ۱۲۔ اہدت۔ صیغۃ الماضی من الافعال یقال اہدی لفلان والی فلان کذا اذا اتحفہ بہ اکرامًا ۱۲۔

حكاية ۶۴ - قال الشعبي وجهني عبد الملك الى ملك الروم فلما قدمت اليه ورأى مِنِي جوابا مفحما قال لي من اهل بيت الخلافة انت قلت لا ولكني رجلٌ من العرب الى عبد الملك رقعة ودفعها اليّ فلما قرأها عبد الملك قال لي اتدري ما فيها قلت لا قال فيها العجب لقوم فيهم مثل هذا كيف جعلوا امورهم الى غيره. ثم قال اتدري ما اراد بهذا قلت لا قال حسدني عليك فاراد ان اقتلك فقلت انما كبرت عنده يا امير المؤمنين لانه لم يرك فبلغ بعد ذلك ملك الروم ما قاله عبد الملك للشعبي فقال لله درهٗ ما عدا ما في نفسي.

حكاية ۶۵ - قيل دخلت بُثَيْنَةُ على عبد الملك بن مروان فقال يا بثينة ما ارى فيك شيئا مما كان يقوله فيك جميلٌ قالت يا امير المؤمنين انه كان يرنو اليّ بعينين ليستا في راسك قال فكيف كان في عشقه قالت كان كما قال شعراً ـه

لا والّذي تسجد الجباه لهٗ ... مالي بما تحت ذيلها خبرٌ
ولا هممتُ ولا غمزتُ لها ... ما كان الّا الحديث والنظر

الترجمة والمطالب

حکایت شعبیؒ کہتے ہیں مجھے خلیفہ عبد الملکؒ نے بادشاہ روم کے پاس بھیجا۔ جب میں اس کے پاس آیا اور انہوں نے میری طرف سے اپنی باتوں کا مسکت جواب دیکھا تو مجھ سے دریافت کیا کیا تم خاندان خلافت سے ہو؟ میں نے کہا نہیں۔ لیکن میں ملک عرب کا ایک مرد ہوں۔ پس شاہ روم نے ایک خط خلیفہ عبد الملکؒ کو لکھا اور مجھ کو دے دیا۔ جب اس پرچے کو خلیفہ عبد الملکؒ نے پڑھا تو مجھ سے کہا جانتے ہو اس میں کیا ہے؟ میں نے کہا نہیں۔ عبد الملک نے کہا اس میں لکھا ہے تعجب ہے ان لوگوں کے لئے جن میں اس جیسا شخص موجود ہو کس طرح انہوں نے اپنے امور کو غیر کے سپرد کر دیا ہے۔ پھر عبد الملکؒ نے کہا۔ کیا تم جانتے ہو کیا مقصد ہے بادشاہ کا اس کلام سے۔ میں نے کہا میں نہیں جانتا۔ کہا عبد الملکؒ نے کہ بادشاہ نے حاسد بنا دیا ہے مجھے تیرے اوپر اور اس نے چاہا کہ میں تجھے قتل کر دوں۔ میں نے عرض کیا کہ

امیر المومنین میں [له] بڑا معلوم ہوا بادشاہ کو اس لیے کہ بادشاہ نے آپ کو نہیں دیکھا ہے۔ اس کے بعد جو بات عبد الملکؒ نے شعبیؒ سے
کہی تھی وہ شاہ روم کو پہنچی تو شاہ روم نے کہا تمام خوبی اللہ کے لیے ہے نہیں تجاوز کیا اس نے اس بات سے جو میرے دل میں تھی یعنی وہی
کہا جو میرے دل میں تھا۔ **حکایت** بُثَیْنَہ (ایک حسین عورت) عبد الملکؒ بن مروانؒ کے پاس آئی تو عبد الملکؒ نے کہا اے بثینہ میں
تیرے اندر کوئی بات بھی ان باتوں میں سے نہیں دیکھتا۔ جن کو تیرا عاشق جمیل بیان کرتا ہے۔ بثینہ نے کہا اے امیر المومنین وہ جمیل
مجھے ایسی دو آنکھوں سے دیکھا کرتا تھا جو آنکھیں تیرے سر میں نہیں ہیں۔ عبد الملک نے کہا کیسا تھا وہ جمیل اپنے عشق میں۔ کہنے لگی
وہ جمیل اپنے عشق میں ایسا تھا جیسے اس نے یہ شعر کہا ہے قسم ہے اس ذات کی کہ سجدہ کرتی ہیں پیشانیاں جس کے آگے۔ نہیں ہے
خبر مجھ کو ان چیزوں کی جو اس کے کرتے میں چھپی ہوئی ہیں۔ نہ میں نے کبھی اس سے صحبت کا ارادہ کیا اور نہ میں نے کبھی اس کے بدن
کو دبایا۔ نہیں تھا اس کا عشق سوائے مجھ سے بات کرنے کے اور میری طرف دیکھنے کے۔

اللغات

حسدنی۔ من التفعیل یقال حسدت فلانا ای تمنیت زوال نعمتہ وتحولہا الی فانہا حاسد ۱۲۔ لله درّہٗ۔ ای لله طوع منہ من خیر ۱۲۔ تعدا۔ صیغۃ الماضی من العدو والمعنی ان عبد الملک لم یتجاوز عما ارادہ ملک الروم بل اطلع علی حقیقۃ نیتہٖ ۔ بُثَینۃ۔ اسم امرأۃ معروفۃ بالحسن والجمال کان یحبہا جمیل وانشد فیہا اشعارا کثیرۃ حتی اشتہر مرہا شلیلی ومجنون وغیرہما
جمیل۔ اسم عاشق بثینۃ ۱۲۔ یرنوا۔ من نصر یقال رنا الیہ یرنو بمعنی نظر الیہ ورنا اذا ادام نظر الیہ بسکون الطرف ورنا الرجل ای طرب والحن۔ ماشغل قلب وقلبیۃ ہوی والمعنی ان الجمیل کان ینظر بی بعین العشق والمحبۃ فلم یکن ینظر الا الحسن والجمال فی کل شیء منی ولیس لک تلک العین ۱۲۔ فکیف کان۔ ای ہل کان عشیقا ام من عبید الشہوۃ ۱۲۔ لا والذی۔ کلمۃ لا زائدۃ وہی یزاد فی کل مقام یُظن فیہ ان المخاطب منکر فکان لفظۃ لا نفی ورد لذلک الانکار المترقب من المخاطب ۱۲۔ ذیلہا۔ بذال المعجمۃ المفتوحۃ آخر الشیء ودامن، والجمع اذیال وذیول واذیل ۱۲۔ لا ہممت۔ من الہم بمعنی القصد من نصر والمراد قصد النفس یقال ہمّ بالشیء ہمّا اذا نواہ وارادہ وعزم علیہ اذا قصدہ ولم یفعلہ ۱۲۔ ولا غمزت۔ صیغۃ المتکلم من ضرب یقال غمزہ غمزا اذا جسّہ وکبسہ بالید وغمز بعین او الحاجب اذا اشار الیہ ۱۲۔ الحدیث۔ الکلام والخبر ۱۲۔

حکایۃ[66]. قال الاصمعی بینما انا اسیرُ فی البادیۃ اذا مررت بحجر مکتوب علیہ هٰذا البیت ؎

یا معشر العشاق (گروہ ۱۲) باللہ (قسم ہے ۱۲) خبّروا — اذا حلّ (فرود آید ۱۲) عشق بالفتیٰ کیف یصنع

فکتبتُ تحتہٗ۔

له یعنی وہ اگر آپ کو دیکھ لیتا تو میں اس کو چھوٹا معلوم ہوتا اور آپ اس کو بڑے معلوم ہوتے۔

يُدارِي هواهُ ثم يكتمُ سرَّهُ ويخشع في كل الامور ويخضعُ

(نرمی کرے در عشق خود۔ رازِ عشق۔ فروتنی کند۔ انکسار نماید)

ثم عُدتُ في اليوم الثّاني فوجدتُ مكتوباً تحتهٗ هٰذا البيت ۔

وكيف يداري والهوى قاتلُ الفتىٰ وفي كلِّ يوم قلبُهٗ يتقطّعُ

(حالیہ۔ پارہ پارہ می شود)

فكتبتُ تحتهٗ.

اذا لم يجد صبراً لكتمانِ سرّهٖ فليس له شيٌ سوى الموت ينفعُ

فعدتُ في اليوم الثالث فوجدتُ شاباً ملقًى تحت ذلك الحجر ميتاً ومكتوب تحتهٗ

هٰذه الابيات ۔

سمعنا اطعنا ثم متنا فبلِّغوا سلامي الى من كان للوصل يمنعُ

هنيئاً لاربابِ النعيم نعيمُهم وللعاشق المسكين ما يتجرّعُ

(آسائش۔ جرعہ جرعہ نوشیدن)

الترجمۃ والمطالب

امام اصمعیؒ بیان کرتے ہیں کہ میں جنگل میں چلا جارہا تھا کہ اچانک میں ایسے پتھر پر گزرا جس پر یہ شعر لکھا ہوا تھا۔ اے عاشقوں کے گروہ تمہیں خدا کی قسم مجھے بتلاؤ جب عشق کسی جوان پر اترے (یعنی جوان عشق میں مبتلا ہو جائے) تو وہ کیا کرے۔ تو میں نے اس کے نیچے یہ شعر لکھ دیا۔ نرمی برتے وہ اپنے عشق کے بارے میں، پھر چھپائے وہ رازِ عشق کو اور تمام امور میں عاجزی کرے اور انکساری برتے۔ پھر میں دوسرے دن لوٹا تو میں نے اس کے نیچے یہ شعر لکھا ہوا پایا ۔ اور کس طرح نرمی برتے عاشق۔ حالانکہ عشق قتل کر رہا ہے جوان کو اور ہر روز اس کا دل ٹکڑے ٹکڑے ہوتے جارہا ہے۔ تو میں نے لکھ دیا اس کے نیچے یہ شعر ۔ جب عاشق صبر نہ کر سکے اپنے راز کے چھپانے پر تو اس کے لئے کوئی چیز علاوہ موت کے نفع بخش نہیں ہے پس پھر لوٹا میں تیسرے دن تو پایا میں نے ایک جوان کو جو پڑا ہوا ہے مردہ اس پتھر کے نیچے اور اس پتھر کے نیچے یہ اشعار لکھے ہوئے ہیں ۔ ہم نے تمہاری بات سنی تمہارا کہنا مان لیا پھر ہم مرگئے۔ پہنچا دو تم میرا سلام اس محبوب تک جو ملاقات سے منع کیا کرتا تھا۔ مبارک رہیں نعمت والوں کو نعمتیں ان کی اور مسکین عاشق کے لئے تو وہی ہے جس کو وہ گھونٹ گھونٹ بے مزہ پی رہا ہے۔

اللغات

البادیۃ۔ الصحرا الجمع بادیات والبوادی ضد الحضر ۔ معشر۔ الجماعۃ من الجن والانس ۔ خبّروا۔ صیغۃ الجمع من التفعیل یقال خبّر الشیَٔ وبالشیٔ اذا اعلمہ ۔ حلّ۔ من نصر وضرب یقال حلّ المکان وبالمکان حلاًّ۔ وحُلُولاً ای نزل فیہ

وحل فی المکان اذا نزل فیہ ۱۲۔ یداری۔ صیغۃ المضارع من المفاعلۃ یقال داراہ مداراۃ ای الطفہ واعملہ معاملۃ حسنۃ ۱۲۔ یکتم بین نصر یقال کتم الشئ کتما وکتمانا اذا اخفاہ ۱۲۔ تخشع۔ من فتح یقال خشع خشوعا ای تطامن وذل وخضع وقیل الخشوع فی الصوت والعین ۱۲۔ صبرا۔ التجلد وعدم الشکوہ من البلوی ۱۲۔ ہنیئا۔ کل امر اتاک بلا تعب مفعول مطلق لفعل المحذوف ۱۲۔ ارباب۔ بالفتح جمع رب تشدید الباء المالک والسید والمصلح ۱۲۔ نعیم۔ رغد العیش والسعادۃ والمال یقال نعیم البال اذا سکن بالہ ۱۲۔ المسکین۔ الفقیر والذلیل المقہور والجمع مسکینون و المساکین ۱۲۔ یتجرع۔ صیغۃ المضارع من التفعیل یقال تجرع اذا شرب شیئا فشیئا وتجرع الغیظ اذا کظمہ والتجرع جرعۃ جرعۃ ۱۲۔

حکایۃ۔ قیل اجتمعت بنو ہاشم یوما عند معاویۃ فاقبل علیہم وقال یا بنی ہاشم ان خیری لکم غیر ممنوع وان بابی لکم لمفتوح فلا یقطع خیری عنکم ولا یرد بابی دونکم ولما نظرت فی امری وامرکم رأیت امرا مختلفا ترون انکم احق بما فی یدی منی وان اعطیتکم عطیۃ فیہا قضاء حقوقکم قلتم اعطانا دون حقوقنا (دون حقوقکم) وقصر بنا عن قدرنا فصرت کالمسلوب والمسلوب لا حمد لہ ہذا مع انصاف قائلکم واسعاف سائلکم قال فاقبل علیہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ وقال واللہ ما منحتنا حتی سألناک ولا فتحت لنا بابا حتی قرعناہ ولئن قطعت عنا خیرک فخیر اللہ اوسع من خیرک ولئن غلقت دوننا بابک لنکفن عنک نفوسنا و اما ہذا المال فلیس لک منہ الا ما لرجل من المسلمین ولو لا حق لنا فی ہذا المال لم یاتک منا زائر (بتقدیر الاستفہام ۱۲) کفاک ام ازیدک قال کفانی یا ابن عباس۔

الترجمۃ والمطالب کہا گیا ہے کہ بنو ہاشم ایک دن حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس جمع ہوئے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ اے اولاد ہاشم یقیناً میرا مال تمہارے لئے روکا نہیں گیا ہے اور بلاشبہ میرا دروازہ تمہارے لئے کھلا ہوا ہے۔ پس میری بھلائیاں آپ حضرات سے جدا نہیں ہیں اور نہ میرا دروازہ آپ حضرات سے اس طرف بند کیا گیا ہے اور جب میں اپنے اور تمہارے معاملہ میں غور کرتا ہوں تو معاملہ کو دگرگوں دیکھتا

ہوں۔ تمہارا خیال ہے کہ یقیناً تم لوگ اس مال اور خلافت کے جو میرے قبضہ میں ہے مجھ سے زیادہ حقدار ہو اور اگر میں تم کو کوئی ایسی عطا بھی دے دوں جس میں آپ کے حقوق کو پورا کیا گیا ہو تو آپ حضرات یہ کہتے ہیں کہ امیر معاویہؓ نے ہم کو ہمارے حقوق سے کم دیا ہے ہمارے اندازہ اور مقدار اور مرتبہ سے کوتاہی اور کمی کی ہے تو پھر میں ایک ایسے شخص کی طرح ہوں جس سے مال و دولت زبردستی چھین جائے اور ایسا شخص (اپنی داد و دہش میں) مستحق حمد نہیں ہوتا ہے یہ جو کچھ شکر اور حمد نہ کرنا ہے میرے انصاف کرنے کے باوجود ہے تمہارے فریادی کے ساتھ اور تمہارے سائل کی حاجت روائی کے ہوتے ہوئے ہے راوی نے کہا کہ حضرت معاویہؓ کی طرف حضرت عبداللہ ابن عباسؓ متوجہ ہوئے . . فرمایا۔ قسم خدا کی ہمیں آپ نے بغیر ہمارے مانگے کچھ نہیں دیا اور بغیر ہمارے دروازہ کھٹکھٹائے کبھی دروازہ نہیں کھولا۔ اگر آپ ہم سے خیر اور بھلائی کو منقطع کرلیں گے تو اللہ تعالیٰ کی بھلائی آپ کی بھلائی اور خیر سے بہت زیادہ عام اور شامل ہے اور اگر آپ ہم پر اپنا دروازہ بند کرلیں گے۔ تو ہم سب بھی اپنے نفوس کو آپ سے روک لیں گے اور رہا یہ مال تو آپ کا اس میں اتنا ہی حق ہے۔ جتنا ایک مسلمان کا۔ اگر ہمارا حق اس مال میں نہ ہوتا تو ہم میں سے کوئی بھی آپ کی خدمت میں نہ آتا۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا میرا کہا ہوا کافی ہے یا کچھ اور کہا جائے۔ حضرت امیر معاویہؓ نے فرمایا۔ اے عبداللہ ابن عباسؓ بہت کافی ہے (اس سے زائد کی حاجت نہیں)۔

لغات خیری۔ الخیر ضد الشر وحصول الشئ کمالاتہ والمال مطلقاً والمراد ہہنا المال ۱۲۔ دون۔ نقیض فوق وبمعنی الامام والدون ایضاً الخسیس الحقیر وہہنا بمعنی عند کما فی قولہ من قتل دون مالہ الخ ای عند مالہ ۱۲۔ حقوقکم۔ جمع حق ہو الامر الثابت لمعان کثیرۃ والمراد ہہنا الامر الثابت ۱۲۔ المسلوب۔ بمعنی الذی سُلب مالہ من نصر یقال سلب الشئ اذا انتزعہ من غیرہ قہراً فکأنکم تظنون انکم اخذتم منی حقوقکم جبراً و قہراً ولذلک لا تحمدونی علیہ ۱۲۔ ہذا۔ مع انصاف اشارۃ الی المذکور من عدم الحمد والشکر والمراد بالقائل المستغیث والمستضعف یعنی انکم لا تحمدونی مع انی انصف واعدل فی سائر ما یرفع الناس قضایاکم واقضی حوائج سائلکم ۱۲۔ مولانا نور اللہ۔ تقدیر الکلام ہذا ای عدم شکرکم مع انصافی بمستغیثکم واسعافی بحوائج سائلکم ۱۲۔

حکایۃ ٦٥۔ قیل دخل عقیل بن ابی طالب رضی اللہ عنہ علیٰ معاویۃؓ بعد ما کُفَّ بصرہٗ فاجلسہ معاویۃ علیٰ سریرہٖ ثم قال لہٗ انتم یا معشر بنی ہاشم تصابون فی ابصارکم فقال لہٗ وانتم یا بنی امیۃ تصابون فی بصائرکم فخجل معاویۃؓ ولم یرد جواباً۔

حکایۃ ٦٦۔ اخبر الحسن بن سہل قال کنت یوماً عند یحییٰ بن خالد البرمکی وقد خلا فی مجلسہٖ لاحکام امرٍ من الامور الرشید فبینما نحن

جلوس اذ دخل علينا جماعة من اصحاب الحوائج فقضاها لهم ثم توجهوا لشأنهم فكان اٰخرهم قياما احمد بن ابي خالد الاحوال فنظر يحيى اليه والتفت الى الفضل ابنه فقال يا بنيّ ان لابيك مع اب هذا الفتى حديثا فاذا فرغت من شغلي هذا فذكّرني احدثك به فلما فرغ من شغله قال له ابنه الفضل اعزك الله يا ابه امرتني ان اُذكّرك حديث ابي خالد الاحول فقال نعم يا بنيّ۔

الترجمة والمطالب بیان کیا جاتا ہے کہ عقیل ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ حضرت امیر معاویہؓ کے پاس پہنچے۔ اس کے بعد عقیل کی بینائی جاتی رہی تھی۔ تو امیر معاویہؓ نے حضرت عقیلؓ کو اپنے تخت پر بٹھایا۔ پھر ان سے کہنے لگے اے بنو ہاشم تم تکلیف پہنچائے جاتے ہو آنکھوں میں (یعنی تمہاری اکثر کی بینائی جاتی رہتی ہے) تو حضرت عقیلؓ نے جواب دیا کہ بنو امیہ تم مصیبت ڈالے جاتے ہو عقل اور بصیرت میں۔ تو حضرت امیر معاویہؓ شرمندہ ہوئے اور کچھ جواب نہ دیا۔

حکایت۔ حسن ابن سہلؒ نے خبر دی کہ میں ایک دن یحییٰؒ بن خالد برمکی کے پاس تھا۔ جب کہ وہ تنہا اپنی نشست میں ہارون رشیدؒ کے کسی معاملہ کے درست کرنے کے لئے بیٹھا ہوا تھا۔ اس درمیان میں کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک فریادمندوں کی ایک جماعت ہمارے پاس آئی۔ تو یحییٰ نے ان کی ضرورتوں کو پورا کر دیا۔ پھر یہ لوگ اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہوگئے پس احمد بن ابی خالد احول آخر میں سب کے کھڑا رہ گیا۔ یحییٰ نے ان کی طرف نظر ڈالی اور اپنے بیٹے فضل کی طرف متوجہ ہوا اور کہنے لگا تیرے باپ کے لئے اس جوان کے باپ کے ساتھ ایک نئی بات ہے۔ جب میں اس کام سے فارغ ہو جاؤں تو مجھے یاد دلانا بات کروں گا میں تم سے اس کے بارے میں۔ جب یحییٰ اپنے کام سے فارغ ہوگیا تو اس کے بیٹے فضل نے اس سے کہا۔ اللہ آپ کو عزتوں پر قائم کرے اے ابا جان آپ نے مجھے حکم دیا تھا کہ میں آپ کو احمد بن ابی خالد احول کی بات یاد دلاؤں۔ تو یحییٰ نے کہا ہاں ٹھیک ہے اے میرے بیٹے۔

اللغات کُفّ۔ صیغۃ الماضی المجہول من نصر یقال کُفّ وکُفَّ بصرہ اذا عمی یعنی صار اعمی ولہذا المعنی یقال للاعمی مکفوف البصر ۱۲۔ سَرِیرہ۔ التخت والجمع اَسِرَّۃٌ وسُرُرٌ ۱۲۔ تُصَابُون۔ صیغۃ المضارع المجہول من الافعال یقال اصاب المصیبۃ فلانا اذا حلّت بہ واصاب الدہر القوم اصابۃ ومصابۃ ای فجعہم بہا ۱۲۔ البصائر۔ جمع بصر حاسۃ النظر والعین (بینائی) البصارۃ ۱۲۔ فخَبِل۔ من سمع یقال خبل خبلا ای اضطراب من الحیاء ۱۲۔ خَلَا۔ من نصر یقال خلا بہ ومعہ والیہ خلوۃً وخلوا وخلاء ای اجتمع معہ خلوۃ ۱۲۔ مجلسہ۔ موضع الجلوس جمع مجالس ۱۲۔ تقضاہا۔ صیغۃ الماضی من ضرب یقال قضی حاجۃً ای اتمہا وفرغہا ۱۲۔ الاحکام۔ معدۃ

الاحکام بکسر الہمزۃ بمعنی الاتقان یقال احکم الشیٔ اذا اتقنہ ۱۲۔ شأنہم۔ ما عظم من الامور و الاحوال یقال من شانہ کذا او ان یفعل کذا ای من طبعہ و خلقہ و الجمع شئون و الشؤون ۱۲۔ التفت۔ صیغۃ الماضی من الافتعال یقال التفت الیہ اذا صرف وجہہ الیہ ۱۲۔ یا بنیّ یا حرف نداء بُنَیّ منادی وہو تصغیر ابنی فاذا اُضیفت الی یاء المتکلم حُذفت احدی الیاء ثلاثۃ استثقالاً کما فی قولہ تعالی فی من دسّٰہا اصلہ دسسٰہا ۱۲

قدم ابوك الى العراق ايام المهدى كان فقيرًا لا يملك شيئًا فاشتدّ بى الامر الى ان قال لى من فى منزلى انا قد كتمنا حالنا (زوجہ خلیفہ مہدی ۱۲) و ذهب دهرنا و لنا اليوم ثلاثة ايام ما عندنا شيءٌ نقتات به (یعنی اہل خانہ ۱۲) قال فبكيت لذلك يا بنىّ بكاءً شديدًا و بقيت حيرانًا مطرقًا منكرًا ثم تذكرت منديلًا كان عندى فقلت لهم ما حال المنديل لو موجودٌ فقلت ادفعوه الىّ فاخذته و دفعته الى بعض اصحابى و قلت له بعه بما تيسر فباعه بسبعة عشر درهمًا فدفعتها الى اهلى و قلت لهم انفقوها الى ان يرزق الله غيرها ثم بكرت من غد الى باب ابى خالد وزير المهدى فاذا الناس وقوفٌ على دوابهم ينتظرون خروجه فخرج عليهم راكبًا فلما نظر الىّ سلّم علىّ و قال كيف حالك فقلت يا ابا خالد ما حال رجل بيع بالامس من منزله منديلٌ بسبعة عشر درهمًا فنظر الىّ نظرًا شديدًا و ما اجابنى جوابًا فرجعت الى اهلى كثير القلب و اخبرتهم بما اتفق لى مع ابى خالد فقالوا بئس و الله ما فعلت مررت برجل كان يرتقيك لامر جليل كشفت له سترك و اطلعته على مكنون (پوشیدہ) امرك۔

الترجمۃ والمطالب جب تمہارا باپ خلیفہ مہدی کے زمانہ میں عراق پہنچا تو وہ نادار تھا۔ کسی چیز کا مالک نہ تھا اور میری اتنی سخت حالت ہوئی۔ یہاں تک کہ بعض گھر والوں نے مجھ سے کہا کہ ہم نے اب تک تو اپنا حال

چھپایا. ہمارا افلاس بڑھ گیا ہے اور آج ہم کو تین دن ہوئے کہ ہمارے پاس کوئی اتنی چیز نہیں ہے جس کو ہم اپنی غذا بنالیں پس میں اس وجہ سے بہت زیادہ رویا اور میں سر جھکائے ہوئے فکر مند حیران رہ گیا. تو پھر میں نے یاد کیا ایک رومال کو جو میرے پاس تھا. پھر میں نے لوگوں (اہل خانہ) سے کہا کیا حال ہے اس رومال کا. لوگوں نے کہا موجود ہے. میں نے کہا اس رومال کو میرے پاس لے آؤ. میں نے وہ رومال لے لیا اور میں نے اس کو اپنے ایک ساتھی کو دے دیا اور میں نے ساتھی سے کہہ دیا. جتنے میں ممکن ہو اس کو بیچ ڈال. اس رومال کو میرے ساتھی نے سترہ درہم کے بدلہ میں بیچ دیا اور میں نے ان سترہ درہم کو اپنے گھر والوں کو دے دیا اور میں نے ان سے کہا ان روپوں کو صرف کرو. یہاں تک کہ اللہ ان کے علاوہ اور دے دے. پھر اگلے دن بہت صبح میں ابو خالد مہدی خلیفہ کے وزیر کے دروازہ پر گیا. تو لوگ اپنی اپنی سواریوں پر ڈٹے کھڑے ہیں اور خلیفہ کے تشریف لانے کا انتظار کر رہے ہیں کہ اتنے میں ابو خالد ان کے پاس سوار ہو کر آیا. جب اس نے مجھے دیکھا تو مجھے سلام کیا اور کہنے لگا. کیا حال ہے آپ کا؟ میں نے عرض کیا اے ابو خالد کیا حال ہو سکتا ہے ایسے شخص کا جس کے گھر سے ایک رومال سترہ درہم کے بدلہ میں بیچا گیا ہو. تو ابو خالد نے بڑی تیز نظروں سے مجھ کو دیکھا اور میری بات کا کوئی جواب نہ دیا. پس میں اپنے اہل وعیال کی طرف شکستہ دل واپس ہوا اور میں نے ان کو وہ تمام قصہ جو ابو خالد کے ساتھ پیش آیا تھا بتلا دیا. تو تمام لوگوں نے کہا برا کام تم نے کیا. قسم ہے خدا کی بُرا ہے تو ایسے شخص کے پاس سے گزرا جو تجھ کو کسی عہدہ کے لیے منتخب کرے. تو نے اس کے سامنے اپنا راز کھول دیا اور اپنے پوشیدہ امر کی اس کو اطلاع دے دی.

اللغات

مُحْرَجًا. بضم الضاد ضیق العیش (تنگ دستی)، والمراد ان لانقدر علی کتمان حالنا بعد ذلک ۱۲. نَفِقَاتٌ. صیغۃ المتکلم من الافتعال مجردہ (من نصر) یقال اِقْتَاتَ بالشئ اذا اکلہ وقات الشئ اذا اتخذہ قوتا والقُوتُ ما یمسک للحیاۃ من الرزق ۱۲. مُطْرِقًا. صیغۃ اسم الفاعل من الافعال یقال اَطْرَقَ اذا سکت ولم یتکلم ۱۲. مِنْدِیْلٌ. نسیج یتمسح بہ من العرق وغیرہ جمعہ مناول ومنادیل ۱۲. بَكَرْتُ. یقال بکرہ اذا اتاہ بکرۃ وہو الذہاب صباحًا وہو المراد ۱۲ وقوفٌ. بضم الواو جمع واقف بمعنی قائم من ضرب ۱۲. كَسِيْرُ الْقَلْبِ. الکسیر بمعنی المکسور والجمع کسرٰی وکساری ۱۲. یَرْتَضِیْك. صیغۃ المضارع من الافتعال یقال ارتضاہ ای رضیہ ۱۲. لِاَمْرٍ. اللام للجارۃ والامر طلب احداث الشئ (مراد این جا عہدہ است) ۱۲.

فازریت عندہ بنفسك وصغرت عندہ منزلتك بعد ان كنت عندہ جليلا نما يراك بعد اليوم الا بمعنی العين قلت قد مضی الامر الان بما لم يكن استدراكہ فلما كان من الغد بكرت الی باب الخليفة فلما بلغت باب الخليفة استقبلنی رجلٌ

فقال لی قد ذکرت الساعة بمجلس امیر المؤمنین فلم التفت الی قوله فاستقبلنی آخر فقال لی کما قال الاول ثم استقبلنی حاجب ابی خالد فقال لی این کنت قد امرنی ابو خالد ان اُجلسک عندی الی ان یخرج من عند امیر المؤمنین فجلست حتی خرج فلما رآنی دعانی وامر لی بمرکوب فسرت الی منزله فلما نزل قال علیّ بفلان وفلان فحضرا فقال الم تشتریا منی غلات السواد بثمانیة عشر الف درهم قالا نعم قال الم اشترط علیکما شرکة رجل معکما قالا بلیٰ قال هذا الرجل الذی اشترطت شرکته لکما ثم قال لی قم معهما فلما خرجنا من عنده قالا لی ادخل معنا بعض المساجد حتی نکلمک فی امر یکون لک فیه الربح العظیم.

الترجمة والمطالب

پس حقیر بنالیا تو نے اس کے نزدیک اپنے نفس کو اور چھوٹا کر لیا تو نے اس کے پاس اپنے مرتبہ کو باوجود اس کے کہ تو اس کے یہاں بڑے مرتبہ والا تھا۔ اب وہ تجھ کو آج کے دن کے بعد اسی نظر سے دیکھے گا۔ میں نے کہا اب تو بات گزر گئی جس کا تدارک اور تلافی فی الحال ناممکن ہے۔ جب اگلا دن ہوا تو میں صبح صبح خلیفہ کے دروازہ کی طرف گیا۔ جب میں خلیفہ کے دروازہ پر پہنچا تو ایک شخص سامنے سے مجھ کو ملا اور مجھ سے کہنے لگا کہ تمہارا تذکرہ ابھی ابھی امیر المومنین کی مجلس میں ہو رہا تھا۔ میں نے اس آنے والے شخص کی بات کی طرف دھیان نہ دیا کہ اتنے میں ایک دوسرا شخص میرے سامنے آیا اور اس نے بھی مجھ سے وہی کہا جو پہلے نے کہا تھا۔ اس کے بعد ابو خالد کا دربان میرے سامنے آیا اور مجھ سے کہنے لگا میاں تم کہاں تھے مجھے ابو خالد نے اس بات کا حکم دیا ہے کہ میں تم کو اپنے پاس بٹھائے رکھوں یہاں تک کہ ابو خالد امیر المومنین کے پاس سے تشریف لائیں۔ پس میں دربان کے پاس بیٹھ گیا یہاں تک کہ ابو خالد تشریف لے آئے جب ابو خالد نے مجھے دیکھا تو مجھے بلایا اور میرے واسطے ایک سواری کے لئے حکم دیا۔ پھر اس کے محل کی طرف چل دیا۔ جب ابو خالد اپنے مکان اترے تو خادم سے کہا۔ میرے پاس فلاں فلاں کو بلا لاؤ۔ فوراً وہ دونوں شخص حاضر کئے گئے۔ تو ابو خالد نے کہا کیا تم دونوں نے علاقہ سواد کا غلہ مجھ سے اٹھارہ ہزار درہم میں نہیں خریدی؟ ان دونوں نے کہا جی ہاں! ابو خالد نے کہا۔ کیا میں نے تم دونوں سے ایک شخص کی شرکت کے لئے تمہارے ساتھ شرط نہیں لگائی تھی؟ تو دونوں بولے کیوں نہیں! اب ابو خالد نے کہا یہ ہے وہ شخص جس کی شرکت کی میں نے تم دونوں سے شرط لگائی تھی پھر مجھ سے ابو خالد نے مخاطب ہو کر فرمایا۔ تم ان دونوں کے ساتھ چلے جاؤ۔ جب ہم ابو خالد کے پاس سے

باہر آئے تو ان دونوں نے مجھ سے کہا۔ آؤ ہمارے ساتھ چلو کسی مسجد میں۔ تاکہ ہم تمہارے ساتھ اس معاملہ میں گفتگو کریں۔ جو آگے چل کر تمہارے لئے خوشگوار فائدہ کی بات ہوگی۔

اللغات اَزْرَیْتَ۔ صیغۃ المخاطب من الافعال یقال ازری بالامر اذا تہاون بہ وازری علیہ عاب علیہ او عابتہ ۱۲۔ صَغَّرتَ صیغۃ المخاطب من التفعیل یقال صغرہ اذا جعلہ صغیرا ۱۲۔ العین۔ الباصرۃ وتطلق علی الحدقۃ او مجموع الجفن وما فیہ من الحدقۃ والجمع اعین وعیون واعیان وجمع الجمع اعینات ۱۲۔ استدراکہ۔ مصدر الاستفعال یقال استدرک الشئ بالشئ اذا حاول ادراکہ واستدرک ما فات اذا اصلح شانہ وسد خللہ ۱۲۔ بکرت صیغۃ المتکلم من التفعیل یقال بکرہ اذا اتاہ بکرۃ ۱۲۔ استقبلنی من الاستفعال یقال استقبل الشئ اذا واجہہ واستقبل الرجل اذا قبل نحوہ ۱۲۔ الساعۃ۔ ای فی ہذہ الساعۃ فان الساعۃ والیوم واللیل واشباہہا من اسماء موضوعۃ للاوقات والازمان اذا دخلت علیہ اللام کان المراد منہا الوقت الحاضر فمعنی الیوم۔ الیوم الحاضر والموجود والجمع ساعات ۱۲۔ فلم التفت۔ صیغۃ المتکلم من الافتعال یقال التفت الیہ اذا صرف وجہہ الیہ علی لفلان۔ اسم فعل یقال علی کذا وبکذا ای آتنی ایاہ وعلیک زیدا ای الزمہ ۱۲۔ غلات۔ جمع غلۃ وہی فی الاصل ما یحصل من الارض من الحبوب او الکراء وامثالہا فہی ما یقال بالفارسیۃ (آمدنی)، والمراد منہا حبوب الارض ۱۲۔ السواد۔ متعلقات البلد من القری واراضیہا ۱۲۔ بلی۔ حرف تصدیق مثل نعم واکثر ما تقع بعد الاستفہام تحقق بالایجاب سواء کان ما قبلہا مثبتا او منفیا ۱۲۔ الم اشترط الہمزۃ فیہ للاستفہام الانکاری النہی۔ بتشدید الیاء ای سائغ وما حصلک بلا مشقۃ ۱۲۔

وقالا انک تحتاج فی ہذا الامر الی وُکلاء واُمناء وکیالین واعوان فہل لک تبیعنا شرکتک بمال نعجلہ لک فتنتفع بہ ویسقط عنک التعب والنصب فقلت لہما کم تبذلان لی فقالا مائۃ الف درہم فقلت لا افعل فما زالا یزیدانی وانا لا ارضی الی ان قالا ثلث مائۃ الف درہم ولا زیادۃ عندنا علی ہذا فقلت حتی اشاور ابا خالد قالا ذلک لک فرجعت الیہ واخبرتہ فدعا بہما وقال ہل وافقتماہ علی ما ذکر قالا نعم قال اذہبا فسلما الیہ المال الساعۃ ثم قال لی اصلح امرک وتہیا فتقلدت تلک العمل فاصلحت شانی وتقلدنی ما دعانی فما زلت فی زیادۃ حتی صار

امری ما صار ثم قال لولدہ الفضل یا بنیّ فما تقول فی ابن من فعل مع ابیک ھٰذا ا
العمل فما جزاؤہ قال لعمری ما اجد لہ جزاءً غیر ان اعزل نفسی واولیہ ففعل ذلک۔
حکایۃ۔ قیل خرج ھارون الرشید متنکرًا الی بعض الفُرَج فوجد صبیانًا
یلعبون وفیھم غلام ذمیم ضعیف البدن قاعدًا یحفظ ثیابھم وھو یقلب ثوبًا
ثوبًا وینشد شعرًا ویقول ؎

الترجمة والمطالب اوران دونوں نے کہا تم اس شرکت میں رکیلوں، امینوں اور کیل کرنے والوں ہر قسم کے مددگاروں کی طرف محتاج ہو گئے (یعنی تجارت کرنے میں بڑے جھگڑے اور بڑی پریشانیاں ہیں) پس کیا تمہارے لیئے اس میں رضامندی ہے کہ اپنی شرکت کو ایسے مال کے بدلہ میں جس کو ہم ابھی دے دیں گے فروخت کر ڈالو اور اس سے فائدہ اُٹھاؤ اور تجارت کی مشقتیں اور تکالیف اپنے سے دور کر دو۔ میں نے ان دونوں سے کہا کہ مجھ کو تم دونوں شرکت کے بدلہ میں کیا دوگے۔ تو ان دونوں نے کہا کہ ایک لاکھ درہم۔ میں نے کہا میں اپنی شرکت کو نہیں چھوڑوں گا۔ پھر وہ برابر رقم بڑھاتے رہے اور میں راضی نہیں ہو رہا تھا یہاں تک کہ ان دونوں نے کہا کہ تین لاکھ درہم دیں گے اور اس پر اب ہم زیادتی نہ کریں گے۔ میں نے کہا ذرا میں مشورہ کر لوں ابو خالد سے۔ تو ان دونوں نے کہا اس کا تمہیں حق ہے۔ پھر میں ابو خالد کے پاس لوٹا اور سارا قصہ میں نے اس کو بتلایا اور ابو خالد نے ان دونوں کو بلایا اور کہا۔ کیا تم دونوں اس بات پر متفق ہو۔ جس کو یحیٰی ابن خالد برمکی نے ذکر کیا۔ ان دونوں نے کہا جی ہاں۔ تو ابو خالد نے کہا جاؤ اور اس کو یہ نقدی رقم ابھی سونپ دو۔ اس کے بعد ابو خالد نے مجھ سے کہا اپنے حال کو درست کر لو اور کام کرنے کے لیئے تیار ہو جاؤ۔ میں گورنری کا قلادہ تمہاری گردن میں ڈالوں گا۔ تو میں نے اپنا حال سنوار لیا اور اس نے اپنے وعدہ کے مطابق میری گردن میں قلادۂ عمل ڈال دیا۔ میں برابر ترقی کرتا رہا۔ یہاں تک کہ میرے حالات وہ بن گئے جو موجود ہیں۔ پھر اس نے اپنے بیٹے فضل سے کہا اے میرے عزیز ترین بیٹے! کیا خیال ہے تیرا اس شخص کے بیٹے کے بارہ میں جس نے تیرے باپ کے ساتھ یہ عمل کیا ہو اور کیا بدلہ ہو سکتا ہے اس کا۔ اس نے کہا قسم ہے میری اپنی پیاری زندگی کی کہ اس کا کوئی بدلہ اس کے سوا نہیں ہو سکتا۔ کہ میں اپنے آپ کو معزول کر دوں اور اس کو والی بنا دوں۔ چنانچہ یحیٰی نے ایسا ہی کیا۔

حکایت۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ہارون رشیدؒ خلیفہ اپنی ہیئت بدل کر بعض تفریح گاہوں کی طرف نکلا۔ تو اس نے چند بچوں کو پایا جو کھیل کود میں لگے ہوئے تھے اور ان میں ایک لڑکا بدصورت کمزور بدن والا بیٹھا ہوا ہے۔ جو ان کے کپڑوں کی

محو کاری کر رہا ہے اور وہ ایک ایک کپڑے کو ادل بدل کر رہا ہے اور شعر پڑھتا جاتا ہے۔ اور کہہ رہا ہے وہ۔

اللغات التعب. فاعل يتيقظ حتى اشاوره اصله لا افعل حتى اشاوره فحذف الفعل للقرينة على ماذكر له يحيى ۱۲. وكلاء. جمع وكيل من يعتمد عليه في تدبير امر او يفوض اليه أمر رجل عاجز ۱۲. أعوان. جمع عون المساعد والخادم للواحد والجمع والمذكر والمؤنث ۱۲. يزيداني. من ضرب يقال زاد زيادة اذا نمى ۱۲. وافقتما. صيغة التثنية من المفاعلة يقال وافقه وفاقا وموافقة اي صادقه ووافقه على الشئ ضد خالفه ۱۲. تقلدتك. من التفعيل يقال قلده العمل اذا فوض اليه وقلده القلادة اذا جعلها في عنق والتقليد في الاصل تعليق العقد في العنق وهو كناية عن الامارة والمراد من هذا الكلام جعله عاملا ۱۲. أوليته. صيغة المتكلم من التفعيل يقال ولّى فلانا الامر اذا جعله واليا عليه ۱۲. متنكرا. صيغة اسم الفاعل من التفعل يقال تنكر الرجل اذا تغير عن حاله تغيرا الى حال يكرهها والتنكر عند التعارف فمعناه بالفارسية (درلباس اجنبي وغيره معروف بيرون آمدن) والمراد انه لم يكن حينئذ في الحلل السلطانية التي كان يعرف بها انه امير المؤمنين ۱۲. الفرج. بضم الفاء وفتح الراء جمع فرجة وهي كل منفرج بين الشيئين ۱۲

قولي لطيفك ينثني عن مقلتي عند الهجوع

كيما انام فتنطفي نار تَوقّد في ضلوعي

اما انا فكما عهدت فهل لوصلك من رجوع

دنِفٌ تُقلّبهُ الاكفُّ على فراشٍ من دموع

قال فتعجب الرشيد من قوله مع صغر سنه وشرع يوانسه ويحادث ويقول لمن هذا الشعر والغلام يصدّ عنه ثم اعترف انه شعره فعظم ذلك عند الرشيد فقال له ان كان شعرك حقا كما زعمت فابق المعنى وغيّر القافية فانشد في الحال وقال شعرا۔

قولي لطيفك ينثني عن مقلتي عند المنام

كيما انام فتنطفي نار توقّد في عظامي

امّا انا فکما عہدت ۔۔۔ فہل لوصلک من دوام

دنف تقلّبہ الاکفّ ۔۔۔ علیٰ فراش من سقام (مرض ۱۲)

فتعجب الرشید قال لہٗ احسنت الّا انّ ھذا (اشعار ۱۲) محفوظٌ معک قال فامتحن

قال فغیّر القافیۃ واترُک المعنیٰ فانشد فی الحال وقال شعراً ؎

قولی لطیفک یُنْثنی ۔۔۔ عن مقلتی عند الرّقادِ (خواب ۱۲)

کیما انام فتنطفی ۔۔۔ نارٌ تأجّج فی فؤادی

امّا انا فکما عہدت ۔۔۔ فہل لوصلک من نفادِ (انقطاع ۱۲)

دنفٌ تقلّبہٗ الاکفّ ۔۔۔ علیٰ فراشٍ من قتادِ (درخت خاردار ۱۲)

فقال الرّشید اخبرنی من انت فاخذ الثیاب الصبیان علی راسہٖ

فصاح (آواز کرد ۱۲) قاقُ قاقُ فعلم الرشید انہٗ دیک الجنّ ۔

الترجمۃ والمطالب

